گالی کا مطلب اور ماں باپ کو گالی دینے کا حکم

مجیب: ابواحمد محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1656

تاریخ اجراء: 28شوال المکرم1444ھ/19مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ماں باپ کو گالی دینے کا حکم بیان فرمادیں! اگر کوئی اپنے ماں باپ کو اس لیے گالی دیتا ہو کہ وہ ان کے ساتھ یا کسی اور کے ساتھ واقعی برا کرتے ہوں اور اولاد یہ کہے کہ میں اس لیے گالی دے رہا ہوں کہ وہ واقعی ایسے ہیں، تو کیا حکم ہو گا؟ نیز گالی کا معنی بھی ارشاد فرمادیں۔ اور ماں باپ کو گلی دینے کی وعید بھی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

گالی کا معنی ہے: "دشنام، بدزبانی، فحش بات" اور ماں باپ کو گالی دینا ناجائز و حرام ہے، اگرچہ وہ اپنی اولاد وغیرہ کے ساتھ برا کرتے ہوں یا کسی اور گناہ کے مرتکب ہوں۔ ہاں ان سے نرمی و ادب کے ساتھ گناہ و ظلم سے باز رہنے کی التجا کرے، سختی نہیں کر سکتا اور بارگاہ خداوندی میں ان کے لئے غائبانہ دعا بھی کرے۔

بہار شریعت میں والدین کو گالی دینے کے متعلق حدیث پاک اور پھر اس پر تبصرہ تحریر کرتے ہوئے فرمایا:

"حدیث ۷: صحیح مسلم و بخاری میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی، کہ رسول اللہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بات کبیرہ گناہوں میں ہے کہ آدمی اپنے والدین کو گالی دے۔ لوگوں نے عرض کی، یارسول اللہ! (صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کیا کوئی اپنے والدین کو بھی گالی دیتا ہے؟ فرمایا: "ہاں، اس کی صورت یہ ہے کہ یہ دوسرے کے باپ کو گالی دیتا ہے، وہ اس کے باپ کو گالی دیتا ہے، اور یہ دوسرے کی ماں کو گالی دیتا ہے، وہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے۔"

صحابہ کرام جنھوں نے عرب کا زمانہ جاہلیت دیکھا تھا، ان کی سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ اپنے ماں باپ کو کوئی کیوں کر گالی دے گا یعنی یہ بات ان کی سمجھ سے باہر تھی۔ حضور (صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) نے بتایا کہ مراد دوسرے

سے گالی دلوانا ہے۔اور اب وہ زمانہ آیا کہ بعض لوگ خود اپنے ماں باپ کو گالیاں دیتے ہیں اور کچھ لحاظ نہیں کرتے۔"
(بہارشریعت،ج03،حصہ16،ص552،مکتبۃ المدینہ)

فتاوی رضویہ میں ہے "ماں باپ اگر گناہ کرتے ہوں تو ان سے بہ نرمی وادب گزارش کرے اگر مان لیں بہتر ورنہ سختی نہیں کرسکتا بلکہ غیبت میں ان کے لئے دعا کرے۔"(فتاوی رضویہ، جلد21،صفحہ158،رضافاؤنڈیشن،لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net